# کہانیاں

## (بنیادی سطح)



2023-24

# مشن بنیاد

# پرتھم ایجوکیشن فاؤنڈیشن

اس پیکج کی تیاری میں اہم ذمہ داری: عبدالواحد خان محمد سمیع الدین، مستان ولی بعشرت سلطانہ، سارہ فاطمہ

مدیر: ڈاکٹر فیاض احمد، ڈاکٹر پروین سید، سائرہ بانو، عبدالحسیب

تزئین کار: نصیر احمد، عبدالحسیب، شیکھر باری۔



ATISHI
आतिशी

MINISTER
GOVT. OF NCT OF DELHI
मंत्री, दिल्ली सरकार
DELHI SECTT, I.P. ESTATE
दिल्ली सचिवालय, आई०पी०एस्टेट
NEW DELHI-110002
नई दिल्ली-110002

پیارے بچّو،

آپ سب کے لیے اپنی ابتدائی تعلیم میں یہ ضروری ہے کہ آپ پڑھنے، لکھنے کے قابل ہوں اور ریاضی کے بنیادی سوالات کو حل کرسکیں۔ ان صلاحیتوں کی بنیاد پر آپ بعد کی کلاسوں میں دوسرے مضامین آسانی سے سیکھ سکتے ہیں۔ آپ میں ان مہارتوں کو فروغ دینے کے لئے ”مشن بنیاد“ کا آغاز کیا گیا ہے۔ جہاں تیسری سے آٹھویں جماعت تک کے بچوں کو ان کی ضروریات کو سمجھ کر سیکھنے کے مواقع فراہم کیے جاتے ہیں۔

اس پروگرام کے ذریعے ہمارا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ ہر بچّہ سیکھنے کے قابل ہو۔ مشن بنیاد کی کلاس آپ کو اُس سطح سے پڑھانا شروع کرے گی جس پر آپ ابھی ہیں اور آپ کو اُس سطح تک لے جائے گی جس تک آپ جانا چاہتے ہیں۔ اس کے زریعہ آپ کو آگے بڑھنے کا ہر وہ موقع دیا جائے گا، جس کی آپ کو ضرورت ہے۔

اس نئے سیشن میں بھی مشن بنیاد آپ سبھی کی ریاضی اور پڑھنے لکھنے کی بنیادی صلاحیتوں کو بہتر بنانے کے لئے کام کرے گی۔ جہاں بہت سی کہانیاں، سرگرمیاں اور گیمز آپ کے سیکھنے کے سفر کو مزید ار بنائیں گی۔ مشن بنیاد کی کلاسوں میں آپ سب کو ایک ایسا ماحول فراہم کیا جائے گا جس سے آپ اپنی صلاحیت میں اضافہ کر سکیں گے۔

لہٰذا مجھے امید ہے کہ آپ سبھی بچّے مشن بنیاد کی کلاسوں میں شامل ہوکر بہت سی نئی چیزیں سیکھیں گے اور اس سے استفادہ حاحل کریں گے۔ ریاضی کے سوالات حل کرنا اور پڑھنا لکھنا آپ بہت اچھی طرح سیکھ پائیں گے اور ہندوستان کو دنیا کا عظیم ملک بنانے میں اپنا کردار ادا کریں گے۔

نیک خواہشات کے ساتھ،

آتشی

وزیر تعلیم، این سی ٹی، حکومت دہلی




Re-Written By: Komal Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Harminder Ohri

# روٹی

1.روٹی دیکھ کر چوہے نے کیا سوچا؟

---

---

2.روٹی کھا کر چوہے کو چکر کیوں آئے ؟

---

---

3 . مِلا کر الفاظ بنائیے:

رو+ٹی=----------- چو+ہا=-------------- ر+س+س+ی=----------------

چ+ک+ک+ر=------------- ب+ڑ+ی=----------- ب+ل=--------------

4.کہانی میں حرف 'ک' اور 'ب' سے شروع ہونے والے تین تین الفاظ لکھیے؟

__________ __________ __________

__________ __________ __________

5. چاند کی تصویر بنائیے اور رنگ بھریں:




Writer : Dharamvir    Translated By Faisal Mumtaz    Illustrator : Grey Stroke, Niloufer Wadia, Partho Sengupta, Priyanka Kumar, Tapas Guha

# سورج کی دوست

1.سورج کیوں مُسکُرایا؟

2.چاندنی نے سب بات کس کو بتائی؟

3 . آسمان میں چاند کے علاوہ کیا کیا دکھتا ہے؟ اُن کے نام لکھیے۔


4 ۔ دیئے گئے تصویروں کے نام کا پہلا حرف ڈبے میں لکھیے۔













5.سورج کی تصویر بنائیے اور رنگ بھریں۔




Writer : Dharamvir Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Rohit Bhasi

# ڈھول

1. یہ کہانی کس کے بارے میں ہے ؟

2. بندر کیا دیکھ کر حیران ہوا ؟

3 . دی گئ تصاویر کے نیچے لکھیے،کیا کام ہورہا ہے۔ فعل کی فہرست سے مدد لیجیے۔ (پڑھنا، رونا، سونا، اُڑنا، جھُولنا)











4. نیچے دیئے گئے حروف میں سے صحیح حرف کا انتخاب کر کے خالی جگہوں کو پُر کریں:

( د، ن ، ح ، ب، ل)

-----همال ، -----ندر، ج-----گل ، ڈھو----- ، -----یران

5. بندر کی تصویر بنائیے اور ا رنگ بھریں:




Writer : Dharamvir Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Ruchi Shah

# بلو کی بلّی

1. بلو کی بلّی نے کیا دیکھا؟

2. بلو اور بلّی نے کیا پیا؟

3. آپ کتنے پالتو جانوروں کے نام جانتے ہیں ان کے نام لکھیے؟

4. نیچے دیئے گئے حروف کو ترتیب دے کر ڈبوں میں صحیح الفاظ لکھیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ن | ی | گ | د |
| و | د | د | ھ |
| ل | و | گ | ہ |
| ل | ل | ی | ب |

5. بلّی کی تصویر بنائیے اور رنگ بھریں۔




Writer : Dharamvir Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Suvidha Mistry

# ریل گاڑی

1.لڑکی نے کس چیز کی تصویر بنائی؟

2.اُن چیزوں کے نام بتائیں جو آپ نے ٹرین میں دیکھی ہیں؟

3.آپ نے کن کن گاڑیوں میں سفر کیا ہے؟اُن کے نام لکھیے۔

4.نیچے دیئے گئے الفاظ کے حروف الگ کر کے لکھیے۔آپ کی آسانی کے لیے ایک مثال دی گئی ہے۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| گاڑی | گ | ا | ڑ | ی | |
| تصویر | | | | | |
| سفر | | | | | |
| مزہ | | | | | |
| ٹرین | | | | | |
| لڑکی | | | | | |

5.اپنی پسندیدہ گاڑی کی تصویر بنائیے اور اُس میں اپنے پسندیدہ رنگ بھریں۔




Writer : Dharamvir Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Partho Sengupta & Rewa Sharma

# کھانے کے دانے

1.اس کہانی میں کون کون ہیں؟

_______________________________________________

_______________________________________________

2.؟لڑکی کس کو بول رہی تھی اپنی بھوک اور پیاس مٹاؤ؟

_______________________________________________

_______________________________________________

3. پانچ پرندوں کے نام لکھیے۔

--------------------　--------------------　--------------------

--------------------　--------------------

4. ہر جانور اور پرندے کی کوئی نہ کوئی آواز ہوتی ہے مثلاً، چوزا بولا، ''چوں چوں چوں۔''



کبوتر بولا:



مرغی بولی:



بلّی بولی:



طوطا بولا:

5.آپ کو کون سا پرندہ پسند ہے اس کی تصویر بنائیے اور رنگوں سے بھریں۔

1

# میرا ساتھی



2



ایک آدمی بہت اکیلا تھا۔

3



ایک دن اسے ایک کتا ملا

4



کتّے نے چِڑیا کو دیکھا اور اس
کے پیچھے بھاگا

5



اور آدمی کتّے کے پیچھے بھاگا۔

6



چِڑیا پھر ہو گئی۔ لیکن آدمی
ابھی بھی کتّے کے پیچھے تھا۔

7



آدمی نے کود کر کتّے کو پکڑا۔

8



کچھ دنوں میں دونوں دوست بن گئے۔

Writer : Dharamvir Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Parismita

# میرا ساتھی

1.اکیلے آدمی کو ایک دن کیا ملا؟

---

---

2.؟آدمی کُتّے کے پیچھے کیوں بھاگتا رہا؟

---

---

3.آپ کے دوست کون ہیں؟ اُن کے نام لکھیے۔

------------------- ------------------- ------------------- -------------------

------------------- ------------------- ------------------- -------------------

4.دئیے گئے الفاظ کے سامنے دو،دو ہم آواز الفاظ لکھیے۔ایک مِثال دی جارہی ہے۔

| کام | شام | نام |
|---|---|---|
| کالی | | |
| ہار | | |
| گرم | | |
| چور | | |

5.اپنے دوست کی تصویر بنائیے اور اس کے متعلق چند جملے لکھیے۔

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

1



# درد چھو منتر

2



شیر بہت پریشان تھا۔

3



گدھا شیر کی پریشانی پر ہنس پڑا۔

4



شیر دہاڑا اور گدھا دُم دبا کر بھاگا۔

5



ایک چوہا ہمّت کر کے شیر کے پاس آیا۔

6



شیر نے اسے منھ کھول کر دکھایا۔

7



تب چوہے کو سب سمجھ آیا۔
اس نے شیر کو کچھ بتایا۔

8



چوہے نے شیر کا سارا درد دور بھگایا۔


Writer : Dharamvir Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Ajit Narayan

# درد چھو منتر

1.گدھا کس کی پریشانی دیکھ کر ہنس پڑا؟

2.شیر کا درد کس نے دور کیا؟

3.نیچے دیئے گئے حروف سے الفاظ بنائیے۔ایک مثال دی جا رہی ہے۔




4.نیچے دیئے گئے حروف میں سے صحیح حرف کا انتخاب کر کے خالی جگہوں کو پُر کریں:

(گ، ا، ر، دُ ، چ)

شے----- ----وہا ----م -----دھا کوّ-------

5.اپنے دانتوں کے جبڑے کی تصویر بنائیے اور لکھیں کہ دانت صاف کرنا کیوں ضروری ہے؟

1



# چاند آسمان میں اچھا ہے


2



چاند ہے بہت دور یہاں سے

چلو اس کو پاس بلائیں۔

3



کاغذ کی ایک کاپی پر

آؤ اسے سجائیں۔


4



ٹیڑھا میڑھا بنا چاند

پر گول نہیں بن پایا۔

5



گول بنانے کے چکّر میں

کاغذ بہت گنوایا۔

6



تب دادا نے ہم کو

مزے کا سبق سکھایا۔

7



سبق سیکھ کر سمجھ میں آیا

چاند آسمان میں اچھا ہے۔

8



اور زمین پر چڑیا بنا کر

اڑانا سب سے اچھا ہے۔

Writer : Dharamvir    Acknowledgment : Story Weaver    Translated By Faisal Mumtaz    Illustrator : Tanvee Nabar

# چاند آسمان میں اچھا ہے

1. مزے کا سبق کس نے سکھایا؟

2. زمین پر کیا اُڑانا سب سے اچھا ہے؟

3. آپ کاغذ سے کیا بنانا پسند کرتے ہیں؟ لکھیے۔

4. کہانی میں حرف 'چ' اور 'س' سے شروع ہونے والے چار چار الفاظ لکھیے؟

س---------------- ---------------- ---------------- ----------------

چ---------------- ---------------- ---------------- ----------------

5. کاغذ سے کوئی بھی پسندیدہ چیز بنائیے اور نیچے ڈبے میں چسپاں کرے اور اُس کے بارے میں کچھ خاص لکھیے۔




Writer : Komal Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Isha Mangalmurti

# شرارتی ایمن

1.ایمن نے کن کے ساتھ کھانا کھایا؟

2.ایمن کو کیا کرنے میں مزہ آیا؟

3. آپ کو کون کون سے کھیل کھیلنا پسند ہے ؟اُن کے نام لکھیے۔

4.کہانی میں حرف 'م' اور 'س' سے شروع ہونے والے چار چار الفاظ لکھیے؟

س---------------- ---------------- ---------------- ----------------

م---------------- ---------------- ---------------- ----------------

5. اپنے گھر کی تصویر بنائیے اور اپنے گھر کے بارے میں تین جملے لکھیے۔




Writer : Dharamvir Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Rajeev Eipe

# چلو کام پر چلیں

1.ایمن نے کن کے ساتھ کھانا کھایا؟

2.اس کہانی میں آپ کو صفائی کرنے والے کے ساتھ سب کا برتاؤ کیسا لگا؟

3. ہمیں اپنے اِرد گِرد کو صاف رکھنے کے لیے کیا کرنا چاہیے ؟

4.نیچے دیئے گئے مثال کی طرح لفظ کے آخر میں ا،و،ی،ے لگا کر نئے لفظ بنائیے:

| چل | چلا | چلو | چلی | چلے |
|---|---|---|---|---|
| ہنس | | | | |
| بھاگ | | | | |
| لکھ | | | | |
| روک | | | | |
| کھول | | | | |

5.کوڑے دان کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں دو جملے لکھیے۔




Writer : Komal Acknowledgment : Story Weaver Translated By Faisal Mumtaz Illustrator : Angie and Upesh

# ٹوپی

1.انور نے کس کو ٹوپی پہنائی؟

2.خواب میں انور کی ٹوپی کس نے پہن رکھی تھی؟

3. کیا آپ کو ٹوپی پہننا پسند ہے؟ ہم ٹوپی کیوں پہنتے ہیں؟

4 . نیچے دیئے گئے حروف سے بننے والے الفاظ کہانی میں ڈھونڈ کر لکھیے:

د---------- ------------ -------------

ک---------- ----------- -------------

م--------- ----------- -------------

5.کیا ٹوپیاں مختلف قسم کی ہوتی ہیں؟ اپنی پسندیدہ ٹوپی کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں دو جملے لکھیے۔

1



# کبوتر

2



عالیہ نے خواب میں ایک کبوتر دیکھا۔
وہ کھانے کی تلاش میں تھا۔

3




تبھی ایک لڑکی کبوتر سے ملی۔

4



لڑکی نے کبوتر کو کھانے
کے لئے کچھ دانے دیئے۔

5



کٹ......ایک دانہ بہت سخت تھا۔
کبوتر کے دانت درد کرنے لگے۔

6



درد سے کراہتے ہوئے
عالیہ کی آنکھ کھل گئی۔

7



ماں نے عالیہ سے پوچھا۔
کیا ہوا؟ عالیہ سوچ میں پڑ گئی۔

8



کچھ دیر بعد عالیہ بولی۔
کچھ نہیں ماں، میں تو خواب دیکھ رہی تھی۔

Writer : Komal    Translated By Faisal Mumtaz    Illustrator : Partho Sengupta

# کبوتر

1.عالیہ نے خواب میں کیا دیکھا؟

2. کبوتر کے دانت میں کیوں درد ہوا؟

3. کبوتر کیا کھاتے ہیں؟ معلوم کریں اور لکھیے۔

4 .اسم کا مطلب ہوتا ہے نام۔کسی بھی انسان، جانور، پرندے، جگہ یا چیز کے نام کو اسم کہتے ہیں۔ نیچے دی ہوئی تصویر پر دیکھیں اور پانچ اسم لکھیے۔



:1


:2

:3

:4

:5

5.پنجرے کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں دو جملے لکھیے۔




Writer : Shahid Anwar　Translated By Faisal Mumtaz　Illustrator : Partho Sengupta

# ہاتھی نے پانی پینا سیکھ لیا

1. ہاتھی کا بچہ کہاں گھوم رہا تھا ؟

______________________________

______________________________




2. ہاتھی کے بچّے نے پانی پی کر کیا کیا ہوگا ؟ لکھیے۔

______________________________

______________________________

3. دی گئی تصویروں کے نام کا آخری حرف لکھیے۔ایک مثال دی جا رہی ہے۔

 ب  ______  ______

 ______  ______  ______

4. ارکان ملائیں لفظ بنائیے؟ ایک مثال دی جا رہی ہے۔

ہا+تھی= ہاتھی　　　آ+ہس+تہ= ---------------------

لے+کن=---------------------　　　ب+چ+چ+ہ=------------------------

جن+گل=---------------------　　　پی+اس=------------------------

5. اپنے پسندیدہ جانور کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں دو جملے لکھیے۔

# خوشی میلہ میں گئی

خوشی میلہ دیکھنا چاہتی تھی۔اس کی ماں اس کو میلہ دکھانے لے گئی۔میلہ میں بہت سی دکانیں سجی ہوئی تھی۔مختلف پکوانوں کی خوشبو چاروں طرف سے آ رہی تھی۔

خوشبو نے رنگین چوڑیاں، کتابیں، کھلونے، مٹی کے برتن موتیوں کے ہار بھی خریدے۔خوشبو نے بہت سارے جھولے جھولے۔

اس وقت اس کی نظر ایک دکان پر پڑی۔اس دکان پر پیلے پیلے آم موجود تھے۔خوشبو اور اس کی ماں نے ایک ایک گلاس آم کا جوس نوش کیا اور گھر کے لیے کچھ ضروری سامان خرید کر ماں اور خوشبو اپنے گھر واپس آئے۔

آج خوشبو کا دل خوشی سے باغ باغ ہو گیا۔




Writer : Vimal Kumar Patel
Illustrator : Subham Lakhera

# خوشی میلہ میں گئی

1.خوشی کس کے ساتھ میلے گئی تھی؟

______________________________________________

______________________________________________

2. میلے میں کیا کیا تھا ؟

______________________________________________

______________________________________________

3. کیا آپ کبھی میلے میں گئے ہیں ؟ آپ نے وہاں کیا کیا دیکھا ؟

______________________________________________

______________________________________________

۴۔نیچے دیئے گئے حروف سے بننے والے الفاظ کہانی میں ڈھونڈ کر لکھیے:

خ---------- ------------ -------------

م---------- ------------ -------------

ب---------- ------------ -------------

5. میلے کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں چار سے پانچ جملے لکھیے:


| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# کھیر

برسات ہو رہی تھی۔ رانی گھر میں کھیل رہی تھی۔ کھیلتے کھیلتے اس کو بھوک لگی۔ اس نے اپنے بابا سے کہا مجھے بھوک لگی ہے۔ میرا دل کھیر کھانے کو کر رہا ہے لیکن ماں تو نانی کے گھر گئی ہے۔ بابا رانی کے قریب آئے اور اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر کہا کوئی بات نہیں رانی تمہارے بابا تو یہیں ہے نا؟

رانی نے حیران ہو کر پوچھا آپ اور کھیر!

بابا نے کہا میں نہیں، ہم دونوں مل کر کھیر بنائیں گے۔ رانی بولی لیکن بابا مجھے تو کھیر بنانا نہیں آتا۔ بابا مسکراتے ہوئے بولے۔ تو آج تم سیکھ جاؤ گی، دونوں مل کر باورچی خانہ میں گئے۔ رانی چاول اور شکر نکال کر لائی، بابا نے کھیر چولہے پر چڑھائی۔ رانی نے کھیر میں بادام، کشمش اور کاجو، ملائے پھر دونوں نے مل کر کھیر بنائی اور پھر پیٹ بھر کھیر کھائی۔ رانی نے کہا۔ واہ! بابا جان مزہ آ گیا۔ کاش! ماں بھی یہاں ہوتی تو مزہ اور بھی دوبالا ہو جاتا۔



Writer : Shabana Parveen

Illustrator : Subham Lakhera

# کھیر

1.رانی اور بابا نے باورچی خانے میں جاکر کیاکیا؟

---

---

2. رانی نے کھیر کھا کر کیا کہا؟

---

---

3. آپ کے گھر میں بننے والے پکوانوں کے نام لکھیے ؟

-------------     -------------     ----------------

-------------     -------------     ----------------

۴۔نیچے دیئے گئے حروف سے بننے والے الفاظ کہانی میں ڈھونڈ کر لکھیے:

ک----------     -----------     -------------

م----------     -----------     -------------

ب----------     -----------     -------------

5. کھیر کن چیزوں سے بنائی جاتی ہے؟ ان چیزوں کی فہرست بنائیے۔


| |
|---|
| |
| |
| |
| |
| |
| |

# گائے اور بچھڑا

عالیہ کے گھر میں ایک گائے تھی اس کا نام کجری تھی۔ کجری کا ایک بچھڑا تھا۔ عالیہ نے اس کو اپنا دوست بنالیا۔ ایک دن عالیہ نے اپنی ماں سے پوچھا، ''ماں کیا میں اسے گھاس چرانے کے لیے باہر لے جاؤں؟''

ماں نے اس کو سمجھایا کہ عالیہ یہ ابھی بہت چھوٹا ہے اور ابھی یہ ماں کا ہی دودھ پیتا ہے۔

اس کے باوجود عالیہ نے ایک دن اس کو باہر لے کر گئی۔ وہ اس کو اپنے دوستوں سے ملانا چاہتی تھی۔ عالیہ اور اس کی ساتھی بچھڑے کے ساتھ کھیلنے لگے۔ کجری پکارنے لگی، عالیہ کے بچھڑے کی وجہ سے سب لوگ بہت پریشان ہو گئے۔ بچھڑا ابھی ایک جانور تھا اور اس کو بھی اب بھوک لگنی شروع ہو گئی تھی۔ وہ بھی ماں ماں کہہ کر چلانے لگا کچھ دیر بعد عالیہ اس کو گھر لے کر آگئی۔ بچھڑا بھاگ کر اپنی ماں سے لپٹ گیا اور دودھ پینے لگا یہ دیکھ کر عالیہ نے کہا، ''کہ اب میں تم کو زیادہ دیر تک کے لیے باہر لے کر نہیں لے جاؤں گی کیوں کہ تمہیں بھوک لگ جاتی ہے۔''



Writer : Pradeep Kumar

Illustrator : Habib Ali

# گائے اور بچھڑا

1.عالیہ کے گھر میں کیا تھا اور اس کا نام کیا تھا؟

______________________________________________

______________________________________________

2. بچھڑا کیوں چلانے لگا تھا؟


______________________________________________

______________________________________________

3. تصویروں کے نام لکھیے۔ایک مثال دی جا رہی ہے۔



دودھ



______________



______________



______________

۴۔نیچے دیئے گئے حروف سے بننے والے الفاظ کہانی میں ڈھونڈ کر لکھیے:

گ---------- ------------ -------------

د---------- ہ ----------- -------------

ب--------- ----------- -------------

5. گائے کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں چار سے پانچ جملے لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# جاوید کا سوال

ہمیں اپنوں سے بڑوں کو ہمیشہ آپ کہہ کر بلانا چاہیے۔

بابا ہمیشہ جاوید کو یہ بات سمجھاتے رہتے ہیں۔مگر وہ یہ بات نہیں سمجھ سکا کہ کس کو آپ کہنا ہے اور کس کو تم ؟ وہ اپنے ماں باپ سے بھی آپ کہہ کر مخاطب نہیں کرتا تھا۔وہ ہمیشہ سوچتا رہتا کہ ماں باپ سے وہ آپ کہہ کر بات کرے گا تو ایسا معلوم ہوگا ، جیسے وہ کسی دور کے رشتہ دار سے بات کر رہا ہے۔

ایک مرتبہ جاوید کے گھر کے دروازے پر ایک بزرگ کھڑے تھے اور وہ اگربتی بیچ رہے تھے۔وہ میرے والد سے پوچھ رہے تھے کہ کیا آپ کو اگربتی چاہیے؟

والد نے کہا،''ہمیں اگربتی نہیں چاہیے۔تم کہیں اور جا کر اپنی اگربتی بیچو۔'' جاوید کو یہ بات سمجھ میں نہیں آئی۔کیوں کہ بزرگ تو والد سے بڑے ہیں پھر انہوں نے اس کو آپ کہہ کر مخاطب کیوں نہیں کیا؟



Writer : Nilutpal Biswas Translator : Soumitra, Saira Illustrator : Susanta Das

# جاوید کا سوال

1. بابا جاوید کو کیا سمجھا رہے تھے؟

2. جاوید کو کیا بات سمجھ میں نہیں آئی؟

3. کہانی میں ان الفاظ کو تلاش کیجیے اور دائرہ لگائیے جن میں حرف 'م' اور 'ب' شامل ہوں؟

------------- ------------- ------------- ------------- -------------

------------- ------------- ------------- ------------- -------------

4۔ سوچ کر لکھیے:

زور :- شور مور ------------- ------------- -------------

تبھی :- کبھی ------------- ------------- ------------- -------------

5. اپنے من پسند تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں چند جملے لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# بھوت میری مٹھی میں

اجو میرا سب سے اچھا دوست ہے وہ اکثر میرے ساتھ ہی رہتا ہے۔ ایک دن اجو کے ماموں اس کو یہاں لائے تھے۔ اس وقت اجو بہت خوش تھا اس وقت سے اجو میرے ساتھ ساتھ رہتا ہے۔

مزے دار بات بتاؤں؟ اجو روزانہ میرے جسم پر ایک تصویر بناتا ہے۔ کبھی پہاڑ کی، کبھی کلفی کی، کبھی ندی اور کبھی کبھی والدین کی۔

ایک دن اجو نے میرے جسم پر کالے رنگ سے ایک بھوت کی تصویر بنائی اور اس رات بھوت اجو کے خواب میں آیا تو اجو کو بھوت نے ایک مزے دار کلفی کھلائی۔ ندی کا پانی پلایا پہاڑ کی سیر کرائی۔ اگلے دن یہ خواب اجو نے مجھے سنایا۔

اجو مجھے اپنے ساتھ خواب میں نہیں لے گیا اس پر مجھے بہت غصہ آیا۔ اس لیے میں نے اپنی مٹھی بند کر لی اب بھوت میری مٹھی میں قید ہو گیا۔



Writer : Malini Mukherjee Translator : Soumitra, Saira Illustrator : Hariom Patidar

# بھوت میری مٹھی میں

1.اجو کس کس چیز کی تصویر بناتا ہے؟

2. اجو اور بھوت نے خواب میں کیا کیا کیا؟

3. کیا آپ نے کبھی گھر میں کلفی بنائی ہے؟ اُسے بنانے میں کن کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہیں؟

۴۔دیئے گئے حروف کی مدد سے نئے نئے الفاظ بنایئے۔




5. ندی یا پہاڑ کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں چند جملے لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |


# گڑھل کا پودا

میں ایک بہت ہی خوبصورت باغ میں رہتا تھا۔ایک دن باغ کے مالی نے مجھے اٹھا کر باہر پھینک دیا۔شاہد نے مجھے دیکھا اور اس نے مجھے اپنے گھر کے باغ میں لگا دیا اور کھاد میں گوبر اور پانی دیا۔کئی دن بعد مجھے اپنی پسند کی کھاد ملی وہ کیا کھاد تھی۔

کبھی کبھی میرے پتوں میں کیڑے لگ جاتے ہیں۔کیڑے میرے پتوں کو کھوکھلا کر سکتے تھے۔لیکن شاہد ان کیڑوں کو مجھ سے نکال کر پھینک دیتا تھا۔

اب شاہد مجھ سے روزانہ ملنے آتا ہے۔وہ مجھ سے بہت ساری باتیں بھی کرتا ہے۔

کل میں شاہد کو اپنا کھلا ہوا ایک پھول دوں گا۔میری ڈال کا یہ خوبصورت پھول شاید اس کو پسند آئے گا۔



# گڑھل کا پودا

1.یہ کہانی کس کے بارے میں ہے؟

2. پودا شاہد کو کیا دینا چاہتا تھا؟

3. آپ کے اِرد گِرد کون کون سے پھول پائے جاتے ہیں؟ ان کے نام لکھیے۔

4 پودا لگانے کی عمل کو ترتیب دیجئے :

پودا لگانا　　گڑھا کھودنا　　پانی دینا　　کھاد ڈالنا

5.کسی پودے کی تصویر بنائیے اور اس کے الگ الگ حصوں کا نام اور ان کے افعال (کام) لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# چٹنی

دھنیا اور لہسن کے بیجوں کے درمیان گفتگو ہو رہی تھیں۔ دھنیا بولا،''دوست، ہم ایک دن بڑے ہو جائیں گے۔''لہسن نے بھی اس کی ہاں میں ہاں ملائی۔ دھنیا پھر بولا،''پھر ہمارا مالک ہمیں توڑ کر گھر لے جائے گا اور ہمیں کھانے میں استعمال کرے گا۔''تبھی لہسن بولا،''بالکل! ٹھیک کہا تم نے۔ ایک دادی روز یہاں آتی ہے اور ہمیں پیار سے دیکھتی ہے۔''

''ہاں، میں نے بھی انہیں دیکھا ہے۔'' دھنیا نے جھٹ سے کہا۔

''سنا ہے دادی کو دھنیا اور لہسن کی چٹنی بہت اچھی لگتی ہے۔''

تبھی لہسن اور دھنیا کی نظر دادی پر پڑی۔ وہ دونوں ایک ساتھ بولے،''چٹنی کا مزہ لینے دادی آ رہی ہیں۔''



Writer : Komal

Illustrator : Shubham Lakhera

# چٹنی

1. دھنیا اور لہسن کس بارے میں باتیں کررہے تھے؟

2. دادی کو کیا پسند ہے ؟

3. ایسی سبزیوں کے نام لکھیے جو زمین کے نیچے اُگتی ہیں؟

4. صحیح آواز کا انتخاب کر کے خالی جگہوں کو پُر کریں۔

لہ------ [ سن ، صن ]

------ن [ ڈ ، د ]

ن-------- [ زر ، ظر ]

چٹ----- [ نہ ، نی ]

5. لہسن کے پودے کی تصویر بنائیے اور لہسن کے فائدہ لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# موٹی آنکھوں والی چڑیا

ایک چڑیا تھی۔ اس کی آنکھیں گول گول اور موٹی موٹی تھیں۔ اس لیے سب اُسے موٹی آنکھوں والی چڑیا کہتے تھے۔ وہ کسی بھی کام کو کرنے سے پہلے آگے کے بارے میں سوچتی۔ پھر وہ کام کو کرتی تھی۔ وہ ہمیشہ خوش رہتی تھی۔ لیکن اسے ہمیشہ ایک بات پریشان کرتی تھی۔ وہ جب بھی اپنا گھر بناتی تھی، تیز آندھی اس کا گھونسلہ اڑا لے جاتی تھی۔ اس لیے ہر بار اسے تنکے اکٹھا کر کے نیا گھونسلہ بنانا پڑتا تھا۔

ایک دن چڑیا اس کا حل تلاش کرنے کے لیے نکلی۔ اس نے جنگل سے سوکھی لکڑیوں کو جمع کیا۔ باغیچہ سے رنگ برنگے پھولوں سے رنگ اکٹھا کیا۔ چڑیا نے ان لکڑیوں کو پھولوں کے مختلف رنگوں سے رنگ دیا۔

ببول کے درخت سے گوند مانگ کر لائی۔ سبھی چیزوں کا استعمال کر کے چڑیا نے ایک مضبوط گھر بنایا۔ ''اب کبھی میرا گھر تیز ہوا میں نہیں اڑے گا'' یہ سوچ کر وہ چہکنے لگی۔ اس کا خوبصورت اور مضبوط گھر دیکھ کر سبھی پرندے حیران رہ گئے۔



# موٹی آنکھوں والی چڑیا

1. موٹی آنکھوں والی چڑیا میں کیا خاص بات تھی؟

2. چڑیا نے نیا گھونسلا بنانے کے لیے کیا کیا؟

3. آپ نے کن کن پرندوں کے گھونسلے دیکھے ہیں، ان پرندوں کے نام لکھیے؟

۴۔ درجہ ذیل الفاظ کے حروف الگ الگ کر کے لکھیے۔ایک مثال دی جا رہی ہے۔

بچّے ب چ چ ے گھونسلا----- ----- ----- ----- ------ ----- ---------

رنگ----- ----- ----- گھول ----- ----- -----

مضبوط----- ----- ----- ----- ------ جنگل ----- ----- ----- -----

5. کسی پرندے کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں چند جملے لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# سانپ اور منگوز

شام کا وقت تھا۔ سانپ شکار کر کے اپنے بل کی طرف لوٹ رہا تھا۔ اچانک! اُسے کسی کی آہٹ کا احساس ہوا۔ تبھی اُس کی نظر ایک منگوز پر پڑی۔ سانپ نے سوچا، ''ابھی میں بہت چھوٹا ہوں اور منگوز موٹا تازہ ہے۔ وہ میرا کچومر بنا دے گا۔''

اس سے پہلے وہ مجھے دیکھے، مجھے یہاں سے رفو چکر ہو جانا چاہئے۔ سانپ ایک درخت کے پیچھے دبک گیا۔ لیکن منگوز نے اُسے دیکھ لیا۔ اب تو سانپ آگے آگے اور منگوز اس کے پیچھے۔ پیچھے۔ سانپ جھاڑیوں کے اوپر چڑھ گیا۔ لیکن منگوز نے پیچھا نہیں چھوڑا۔ وہ جھاڑیوں کے نیچے رک گیا۔ سانپ نیچے اترا تو پھر سے منگوز اس کے پیچھے پڑ گیا۔

ایسا بہت دیر تک چلتا رہا۔ اس چکر میں دونوں تھک گئے۔ سانپ نے کنڈلی ماری اور سو گیا۔ منگوز بھی ست ہو کر پسر گیا۔

تھوڑی دیر بعد سانپ بولا، ''بھائی ایسا ہی میرے پیچھے پڑے رہے تو سوکھ کر کانٹا بن جاؤ گے! پچھلی باتوں کو بھلاؤ اور دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ۔''



Writer : Meena Sharma Illustrator : Mitrarun Halder

# سانپ اور منگوز

1.سانپ درخت کے پیچھے کیوں دبک گیا؟

2. '' پچھلی باتوں کو بھلاؤ اور دوستی کا ہاتھ بڑھاؤ'' سانپ نے ایسا کیوں کہا ؟

3. صحیح آواز کا انتخاب کر کے خالی جگہوں کو پُر کریں۔

کچو------ [ ٹر ، مر ]

------ہٹ [ پا ، آ ]

-------نٹا [ کا ، آ ]

------بک [ د، م ]

4 نیچے ڈبے میں دیئے گئے اِشاروں کی مدد سے الفاظ بنائیے ۔یہ الفاظ آپ کہانی میں بھی ڈھونڈ سکتے ہیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| سا | در | منگ | آ |
| جھاڑ | کا | با | نی |

5.منگوز کی تصویر بنائیے، اس میں رنگ بھریئے اور منگوز کے بارے میں کچھ خاص لکھیے:

# پانی کی
# ٹپ ۔ٹپ



ٹپ ۔ٹپ ۔ٹپ کی بوندوں کی آوازیں آ رہی ہیں۔ لالی کو لگا کہ ہلکی بارش ہو رہی ہے۔ وہ دل ہی دل میں خوش ہو رہی کہ دوستوں کے ساتھ موج۔ مستی کرے گی اور بارش میں ناچے گی۔ بادل بھیّا سے کہے گی کہ آپ روزانہ اسی وقت برسو، تاکہ مجھے اسکول نہ جانا پڑے۔ اتنے میں لالی کو 'ٹپ۔ٹپ' کی آوازیں آنا بند ہو گئی۔ لالی کی نیند کھل گئی۔ اُسے محسوس ہوا کہ یہ خواب تھا۔ اُس نے کھڑکی سے باہر دیکھا، لیکن باہر دھوپ ہے۔ 'ٹپ۔ٹپ' کی آوازیں پھر سے سنائی دیں۔ لالی کو کچھ سمجھ میں نہیں آیا۔ وہ کمرہ سے باہر گئی تو دیکھا کہ یہ آواز نل سے ٹپکنے والی بوندوں کی ہے۔

لالی مسکرائی اور اسکول جانے کی تیاری کرنے لگی۔ وہ دل ہی دل میں سوچنے لگی۔ یہ جو ہر گھر سے نل کی 'ٹپ۔ٹپ' کی آواز آتی ہے نا، اُسی سے تو سارے بادل خفا ہو گئے ہیں۔

Writer : Naresh Meghwal

Illustrator : Partho Sen Gupta

# پانی کی ٹپ ٹپ

1.لالی دل ہی دل میں کیا سوچ کر خوش ہورہی تھی؟

2.بادل کیوں خفا ہوئے؟

3. بارش ہونے کے کیاکیا فائدے ہیں؟:

4. نیچے دیئے گئے حروف سے شروع ہونے والے تین الفاظ کہانی میں ڈھونڈ کرلکھیے:

د------------- ------------- -------------

ب------------- ------------- -------------

5.بادلوں اور بارش کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں لکھیے:

# انس کی پتنگ

انس کے پڑوس میں ایک میدان تھا۔ بچے وہاں کھیلتے اور پتنگ اڑاتے۔ انس کا بھی دل پتنگ اڑانے کا ہوا۔ اس نے ابو جان سے کہا۔ ابو جان نے کہا، ''بیٹا تم ابھی بہت چھوٹے ہو جب تم بڑے ہو جاؤ گے، تب پتنگ اڑانا۔''
کئی دنوں بعد انس نے پھر اصرار کیا۔ اس نے کہا، ''ابو جان مجھے ایک پتنگ خرید کر دیجیے۔'' ابو جان نے کہا، ''خریدنے سے بہتر ہے کہ ہم مل کر پتنگ بنائیں۔'' پھر وہ بازار سے رنگین کاغذ لے آئے۔ انس ابو جان کے سامنے ادب سے بیٹھ گیا۔ ابو جان نے اس کے لیے ایک خوبصورت پتنگ بنائی۔ انس بہت خوش تھا۔ اسے تو آج پتنگ اڑانے سے کہیں اچھا لگا ابو جان کے ساتھ مل کر پتنگیں بنانا۔



# انس کی پتنگ

1.انس کے پڑوس میں کیا تھا؟

2.انس کی پتنگ کس نے بنائی؟

3.یہ 'ب' حرف کے کچھ الفاظ ہیں۔ کہانی میں دیے گئے 'ب' حروف کے مزید الفاظ ڈھونڈ کر لکھیے:

بلّی

بطخ

4.دیے گئے لفظ کے سامنے تین،تین ہم آواز الفاظ لکھیے:

نام

جال

5. کسی اُڑنے والی پسندیدہ چیز کی تصویر بنا کر اور اس کے بارے میں لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# برف یا بادل

ایک دن نمیرہ اپنے گھر کی چھت پر کھیل رہی تھی۔ اوپر آسمان بادلوں سے بھرا ہوا تھا۔ نمیرہ بہت دیر تک آسمان کی طرف دیکھتی رہی۔ شام کو اس نے اپنے والدین سے پوچھا- کیا آسمان پر برف ہے؟ ابو جان نے ہنستے ہوئے پوچھا- تم ایسا کیوں سوچتی ہو؟ نمیرہ نے جواب دیا- کیونکہ بادل برف کی طرح نظر آتے ہیں۔ امی جان نے سمجھایا- کالے بادل بارش کے بادل ہیں۔ جب پانی بھاپ بن جاتے ہیں تب یہ سفید نظر آتے ہیں۔ کچھ بادل تو مشروم یا گوبھی کی طرح نظر آتے ہیں۔ اگلے دن نمیرہ نے اپنی سہیلیوں کو مختلف قسم کے بادلوں کے بارے میں بتایا۔ اس کی تمام سہیلیوں نے اس کی بہت تعریف کی۔



Writer : Manprit Kaur    Translator : Saira Bano    Illustrator : Partho Sen Gupta

# برف یا بادل

1.نمیرہ نے اپنے والدین سے کیا کہا؟

______________________________________________

______________________________________________

2.امی جان نے نمیرہ کو کیا سمجھایا؟

______________________________________________

______________________________________________

3.اِشاروں کی مدد سے معمے میں صحیح لفظ کے گرد دائرہ بنائیے اور سامنے خالی جگہ میں صحیح لفظ لکھیے:

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | ب | |
| ل | د | ا | ب |
| | چھ | ر | پ |
| ی | ت | ش | ک |
| | ر | | و |
| | ی | | ڑ |
| | | | ے |

۱۔بارش سے بچنے کے کام آتی ہے----------

۲۔گرجتے ہیں اور برستے بھی ہیں----------

۳۔بادل سے برسنے والی پانی کو کہتے ہیں-----------

۴۔بارش میں تلے جاتے ہیں---------------

۵۔کاغذ سے بنا کر پانی میں چلاتے ہیں-----------------

4. ہم صبح سے شام تک مختلف آوازیں سنتے ہیں۔ کوئے کی کائیں کائیں، بس کی پوں پوں، بِلّی کی میاؤں میاؤں۔ ایسے ہی دیئے گئے چیزوں کی آوازیں لکھیے:

بارش: ---------------  کوئل: ---------------  بادل: ---------------

مینڈک: ---------------  آندھی: ---------------  کتا: ---------------

5.بادلوں کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# چپکی

بیلا مجھ سے بہت پیار کرتی ہے۔ میری روز اس سے ملاقات ہوتی ہے۔ جب وہ رات میں پڑھائی کے لئے بیٹھتی ہے، تو مجھے بہت اچھا لگتا ہے۔

رات کو میرے کھانے کا وقت ہے۔ میں دیواروں پر لپک لپک کر کیڑے مکوڑے کھاتی رہتی ہوں۔ میں بہت سارے مچھر بھی نگل لیتی ہوں۔ تاکہ بیلا مچھروں کی خارش سے محفوظ رہے۔ جب میرا پیٹ بھر جاتا ہے تو میں خاموشی سے ایک کونے سے چپک جاتی ہوں۔

رات کا کھانا کھانے کے بعد بیلا کے والد اسے ریاضی کے سوال حل کرنے کے لیے دیتے ہیں۔

جب بیلا سوالوں کے صحیح جواب دیتی ہے، تب میں کہتی ہوں، "ٹھیک ہے، ٹھیک ہے"....

اور جب غلط جواب دیتی ہے تب...؟ نہیں-نہیں ، یہ میں نہیں بتاؤں گی! بیلا آخر دوست ہے میری...!"



Writer : Malini Mukherjee Translator : Soumitra, Saira Illustrator : Hariom Patidar

# چپکلی

1.چپکلی کی خوراک کیا ہے؟

______________________________

______________________________

2.بیلا کے والد اُسے کس مضمون کے سوالات حل کرنے کو دیتے ہیں؟

______________________________

______________________________

3. چپکلی اور بیلا کا آپسی تعلق کیا ہے؟

______________________________

______________________________

4.نیچے دیئے گئے حروف میں سے صحیح حرف کا انتخاب کر کے خالی جگہوں کو پُر کریں:

[ ر ، ڑ ، ا ، ب، ی ]

ہاتھ-----　　مچھ----　　سی----------　　پی------------　　کوّ-------

5. چھپکلی کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں لکھیں:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# گھات لگائے بیٹھی



چوہے اچھل-کود رہے تھے۔ ان کی موج مستی چل رہی تھی۔ تبھی اچانک آواز آئی، ''میاؤں-میاؤں!'' سب ڈر گئے۔ جو جہاں تھے، وہیں چھپ گئے۔ بلی ان کے تاک میں تھی۔ جہاں چوہوں کا بل تھا, وہاں ایک لمبی چوڑی دیوار تھی۔ چوہوں نے سمجھداری سے کام لیا۔ وہ چپکے-چپکے بل بنانے لگے۔ بلی کافی دیر تک گھات لگائے بیٹھی رہی، لیکن چوہے باہر نہیں نکلے۔ وہ وہیں بیٹھی-بیٹھی اونگھنے لگی۔

یہاں چوہوں کا دوسرا بل تیار ہو چکا تھا۔ وہ دیوار کے اس طرف جا چکے تھے۔ ان کی موج مستی بھی شروع ہو گئی تھی۔ بیچاری بلی گھات لگائے بیٹھی ہی رہ گئی۔

Writer : Sonia
Illustrator : Mitrarun Halder

# گھات لگائے بیٹھی

1.چوہے جب اُچھل کود کر رہے تھے تو کیا آواز آئی؟

2.چوہے نے سمجھداری والا کیا کام کیا؟

3.نیچے دیئے گئے آوازوں میں سے صحیح آواز کا انتخاب کر کے خالی جگہوں کو پُر کر کے الفاظ بنائیے ؟

(پ، مو، ت، وا، ک، د، چو، ب، کا، )

---یوار  بِ----  -------ہا  گھا--------  ------ج

آ---ز  -----لی  تا------  چھ---------

4.ملتے جلتے الفاظ لکھیے:

جیسے، آلو ---- بالو،  مور - --------چور

5.بلّی یا چوہے کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں چار سے پانچ جملے لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# مالو اور کالو

ایک دن کی بات ہے۔ سردی بہت تھی۔ میں کانپ رہا تھا۔ مالو مجھے اپنے گھر لے آیا۔ میرے جسم پر مٹی لگی ہوئی تھی۔ اس نے مجھے گرم پانی سے نہلایا۔ پھر کھانے کے لئے دودھ اور چاول دیے۔ میں نے پیار سے کہا، ''کوں... کوں... -'' مجھے ٹہلنا بہت پسند ہے۔

ایک دن مالو مجھے کھیت میں لے گیا۔ وہاں میں نے بہت دوڑ لگائی۔ مجھے بہت مزہ آیا۔ اب میں اور مالو ہر شام سیر کے لیے جاتے ہیں۔ وہاں ہم دونوں خوب کھیلتے ہیں۔ سب ہم دونوں کو مالو اور کالو کہہ کر بلاتے ہیں۔ میری تو ایک دم ہے، لیکن مالو کی ایک بھی نہیں ہے؟ آخر کار اس کی دم کب نکلے گی...؟ شاید بڑے ہونے پر...؟



Writer : Malini Mukherjee Translator : Soumitra, Saira Illustrator : Susanta Das

# مالو اور کالو

1.مالو نے کالو کو گھر لے جا کر کیا کیا؟

______________________________________________

______________________________________________

2.مالو اور کالو ہر شام کہاں جاتے ہیں؟

______________________________________________

______________________________________________

3. کہانی میں حرف 'م' اور 'د' سے شروع ہونے والے چار چار الفاظ لکھیے؟

م ________ ________ ________ ________

د ________ ________ ________ ________

4. آپ کتنے جانوروں کے جانتے ہیں ان کے نام لکھیے:

________ ________ ________ ________

________ ________ ________ ________

5.کسی پالتو جانور کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# اُڑتے پھول

سیما اپنے دادا جی کے ساتھ باغیچہ میں گھوم رہی تھی۔ باغیچہ میں رنگ برنگے پھول کھلے تھے۔ ان پر تتلیاں منڈلا رہی تھیں۔

اچانک! سیما رنگ برنگے پھول کو چھونے کے لئے آگے بڑھی۔ ساری تتلیاں اڑ گئیں۔ سیما چلائی - دادا جی سارے پھول اڑ رہے ہیں۔ دادا جی ہنستے ہوئے بولے - ٹھیک کہا، یہ پھولوں کے پھول ہیں۔ تتلیوں سے پھول ہیں۔ پھولوں سے تتلیاں ہیں۔ ان سے دوستی کرنا آسان نہیں ہے۔ انھیں چھونے سے بہتر ہے، ہم انھیں دیکھتے رہیں۔

تتلیوں کو اڑتا دیکھ کر سیما تالیاں بجا رہی تھی۔ وہ بار بار ایک ہی بات کہہ رہی تھی - اڑنے والے پھول! رنگ برنگے پھول!



Writer : Bhup Singh Bagpat

Illustrator : Subham Lakhera

# اُڑتے پھول

1. سیما کہاں اور کس کے ساتھ گھوم رہی تھی؟

2. سیما تالیاں بجاتے ہوئے بار بار کیا کہہ رہی تھی ؟

3. آپ کتنے پھولوں کے نام جانتے ہیں ان کے نام لکھیے ؟

۴۔ صحیح لفظ کا انتخاب کر کے دائرہ لگائیے:

| | |
|---|---|
| صیما | سیما |
| آسمان | عاسمان |
| طتلی | تتلی |
| فول | پھول |
| تالیاں | طالیاں |

5. تتلی کی تصویر بنائیے اور اس کے بارے میں چار سے پانچ جملے لکھیے:

| | |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |